
# تضمین بَر سلامِ رَضاؔ

## مُصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام



تضمین نگار : حافظ عبدالغفّار حاؔفظ

پیشکش : ابو المیزاب اویس قادری رضوی

نوٹ : یہ تضمین حافظ عبد الغفار حاؔفظ کے مجموعہِ تضامین بعنوان [بہشتِ تضامین] سے لی گئی ہے

# تضمین بر سلامِ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلویؒ

مخزنِ علم و حکمت پہ لاکھوں سلام
معدنِ فیض و راحت پہ لاکھوں سلام
مصدرِ نور و نکہت پہ لاکھوں سلام
"مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

شمعِ اَیوانِ عصمت پہ روشن درود
نجمِ راہِ ہدایت پہ روشن درود
ماہتابِ شریعت پہ روشن درود
"مہرِ چرخِ نبوت پہ روشن درود
گلِ باغِ رسالت پہ لاکھوں سلام"

باعثِ رونقِ لالہ زارِ حرم
حاملِ دولتِ اختیارِ حرم
صاحبِ مسندِ اعتبارِ حرم
"شہریارِ ارم ، تاجدارِ حرم
نوبہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام "

زائرِ حُسنِ اقصیٰ پہ دائم درود
سائرِ بزمِ سدرہ پہ دائم درود
ناظرِ ربِّ یکتا پہ دائم درود
"شبِ اسریٰ کے دولھا پہ دائم درود
نوشۂ بزمِ جنت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

صدرِ اَیوانِ رحمت پہ عرشی درود
گوہرِ دُرجِ رافت پہ عرشی درود
شاہِ بزمِ نبوت پہ عرشی درود
"عرش کی زیب و زینت پہ عرشی درود
فرش کی طیب و نزہت پہ لاکھوں سلام "

عینِ رحمت ہے جس کا مقدس وجود
جس کے زیرِ نگیں آسمانِ کبود
عقل سے ماورا سلطنت کی حدود
"نورِ عینِ لطافت پہ الطف درود
زیب و زینِ نظافت پہ لاکھوں سلام"

عظمتِ دوجہاں جس کے قدموں میں خم
وجہِ ایجادِ کرسی و لَوح و قلم
قبلۂ محترم ، کعبۂ محتشم
"سَروِ نازِ قدم ، مغزِ رازِ حِکَم
یکہ تازِ فضیلت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

ساغرِ نُطق سے ہو چھلکتا درود
خانۂ دل سے نکلے چمکتا درود
آئے میری زباں پر مہکتا درود
"نقطۂ سرِّ وحدت پہ یکتا درود
مرکزِ دَورِ کثرت پہ لاکھوں سلام"

مرحبا قوتِ دستِ خیرالبشر (ﷺ)
اک اشارے پہ دنیا اِدھر سے اُدھر
عینِ منشائے رَبُّ العلٰی سربسر
"صاحبِ رجعتِ شمس و شق القمر
نائبِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام "

جس کے زیرِ قدم عظمتِ دوسرا
جس کے زیرِ اثر ہر جہت ، ہر فضا
جس کے زیرِ نگیں ساری خلقِ خدا
"جس کے زیرِ لِوا آدم و من سوا
اُس سزائے سیادت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

رفعتِ آسماں ، قعرِ فرشِ زمیں
رُودِ کوثر ، گلستانِ خلدِ بریں
سب مکان و مکیں ، سب چنان و چنیں
"عرش تا فرش ہے جس کے زیرِ نگیں
اُس کی قاہر ریاست پہ لاکھوں سلام "

شاہِ لَولاک ، محبوبِ رَبِّ وَدود
سیّد و سروَرِ محفلِ ہست و بود
باعثِ بعثتِ نوح (علیہ السلام) و یعقوب (علیہ السلام) و ہُود (علیہ السلام)
"اصلِ ہر بود و بہبود و تخمِ وجود
قاسمِ کنزِ نعمت پہ لاکھوں سلام "

رازدارِ مشیت پہ بے حد درود
پرتوِ نورِ قدرت پہ بے حد درود
حُسنِ صبحِ ولادت پہ بے حد درود
"فتحِ بابِ نبوّت پہ بے حد درود
ختمِ دورِ رسالت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

عینِ شہکارِ قدرت پہ نوری درود
حسن آثارِ قدرت پہ نوری درود
آئینہ دارِ قدرت پہ نوری درود
"شرقِ انوارِ قدرت پہ نوری درود
فتقِ ازہارِ قربت پہ لاکھوں سلام "

عکسِ آئینۂ ذاتِ رَبِّ جلیل
نقطۂ حُسن ، شرحِ جمال و جمیل
مثلِ رَبِّ علیٰ آپ اپنی دلیل
"بے سہیم و قسیم و عدیل و مثیل
جوہرِ فردِ عزت پہ لاکھوں سلام "

شاہِ اقلیمِ حکمت پہ غیبی درود
شہرِ علمِ حقیقت پہ غیبی درود
کاشفِ رازِ غَیبت پہ غیبی درود
"سرِّ غیبِ ہدایت پہ غیبی درود
عطرِ جیبِ نہایت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

لامکاں کی ضیافت پہ لاکھوں درود
اُدنُ مِـنّی کی لذت پہ لاکھوں درود
حق تعالیٰ کی رویت پہ لاکھوں درود
"ماہِ لاہوتِ خلوت پہ لاکھوں درود
شاہِ ناسوتِ جلوت پہ لاکھوں سلام "

دُرِّ الطاف و جود و عطا پر درود
فیض و اکرام کے منتہا پر درود
رُوحِ ایثار و جانِ سخا پر درود
"کنزِ ہر بیکس و بےنوا پر درود
حرزِ ہر رفتہ طاقت پہ لاکھوں سلام"

دین و ایمان و عرفاں کی حد پر درود
محوِ ایثار و وقفِ مدد پر درود
گیسوؤں پر سلام اور خد پر درود
"پرتوِ اسمِ ذاتِ اَحَد پر درود
نسخۂ جامعیّت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

آمدِ شاہِ والا پہ امجد درود
صاحبِ لطفِ بے حد پہ بے حد درود
سرمدی شانِ رفعت پہ سرمد درود
"مطلعِ ہر سعادت پہ اسعد درود
مقطعِ ہر سیادت پہ لاکھوں سلام"

دستگیری میں مطلق نہیں پیش و پس
وقفِ حاجت روائی ہے اک اک نفس
بے نوا کی نوا یعنی بے کس کے کس
"خلق کے دادرس سب کے فریادرس

کہفِ روزِ مصیبت پہ لاکھوں سلام "

مجھ سے احقر کی نسبت پہ لاکھوں درود
مجھ سے اسفل کی عظمت پہ لاکھوں درود
مجھ سے بے زر کی عزت پہ لاکھوں درود
"مجھ سے بے کس کی دولت پہ لاکھوں درود

مجھ سے بے بس کی قوت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

مَرحبا شانِ محبوبِ ربُّ العُلیٰ
اَوجِ عرشِ مُعلّٰی بھی ہے زیرِ پا
اُدنُ مِنّی کی گونجی ہوئی ہے صدا
"شمعِ بزمِ دَنَا ھُو میں گم کُن اَنا

شرحِ متنِ ہُوِیّت پہ لاکھوں سلام "

یہ سماں تھا خود اپنی نظیر آپ ہی
عرش کو پھر نہ ایسی سعادت ملی
عبد و معبود کی ساتھ جلوہ گری
"انتہائے دُوئی اِبتدائے یکی
جمعِ تفریق و کثرت پہ لاکھوں سلام"

شافعِ حشر پر تا بہ محشر درود
بڑھتے رتبہ پہ پہلے سے بڑھ کر درود
روز افزوں کرم پر فزوں تر درود
"کثرتِ بُعدِ قلّت پہ اکثر درود
عزّتِ بُعدِ ذلّت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

عاصیوں کی شفاعت پہ اعلیٰ درود
بے بسوں کی اعانت پہ اعلیٰ درود
چشمۂ لُطف و راحت پہ اعلیٰ درود
"رَبِّ اَعلیٰ کی نعمت پہ اعلیٰ درود
حق تعالیٰ کی مِنّت پہ لاکھوں سلام"

جُود و بخشِش کے دریا پہ بے حد درود
مُونسِ دل گرفتہ پہ بے حد درود
ہم غلاموں کے مَولا پہ بے حد درود
"ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد درود
ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام "

رُوحِ ایقانِ مومن پہ بے حد درود
شاہِ ذیشانِ مومن پہ بے حد درود
داد و درمانِ مومن پہ بے حد درود
"فرحتِ جانِ مومن پہ بے حد درود
غیظِ قلبِ ضلالت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

شاہِ لَولاک ، سَرکارِ والا نسب
اصلِ جُملہ اصُول و قوانینِ رَب
جن کے باعث ہے کونَین کی تاب و تب
"سببِ ہر سبب ، مُنتہائے طلب
علّتِ جُملہ علّت پہ لاکھوں سلام "

کثرتِ ابرِ رحمت پہ اکثر درود
ساری خلقت سے برتر پہ برتر درود
رُوئے انور پہ قُرباں منور درود
"مَصدرِ مَظہریّت پہ اظہر درود
مَظہرِ مَصدریّت پہ لاکھوں سلام "

فضلِ حق سے بہار آئی ، کلیاں کِھلیں
رحمتِ کبریا چھائی ، کلیاں کِھلیں
لی گلستاں نے انگڑائی ، کلیاں کِھلیں
"جس کے جلوے سے مُرجھائی کلیاں کِھلیں
اُس گُلِ پاک منبت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

ہے دراز اِس قدر سایۂ عاطفت
اُن کی منّت پذیرِ کرم شش جہت
ہر کوئی طالبِ دامنِ عافیت
"قدِ بے سایہ کے سایۂ مرحمت
ظلِّ ممدودِ رافت پہ لاکھوں سلام "

مرحبا عظمتِ سرورِ سروراں
حبّذا حشمتِ مرجعِ عاشقاں
بہرِ تعریف و توصیف و ذکر و بیاں
"طائرانِ قدُس جس کی ہیں قمریاں
اُس سہی سرو قامت پہ لاکھوں سلام"

جس کا دربار ہے زینۂ حق نُما
جس کی خیرات گنجینۂ حق نُما
جس کی ہر بات تخمینۂ حق نُما
"وصف جس کا ہے آئینۂ حق نُما
اُس خُدا ساز طلعت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

بہرِ تعظیم اہلِ جناں خم رہیں
بہرِ تکریم ہفت آسماں خم رہیں
بہرِ تسلیم دونوں جہاں خم رہیں
"جس کے آگے سرِ سروَراں خم رہیں
اُس سرِ تاجِ عزت پہ لاکھوں سلام"

شرح بدر الدجی گیسوئے مُشک سا
سایۂ حق نُما ، گیسوئے مُشک سا
عکسِ فضلِ خُدا ، گیسوئے مُشک سا
"وہ کرم کی گھٹا ، گیسوئے مُشک سا
لکّۂ ابرِ رحمت پہ لاکھوں سلام "

جس کے جلووں کی دھوم از اُفق تا اُفق
مہر لیتا ہے تابانیوں کے سبق
سینۂ شب ہے جس کی قرابت سے شق
"لیلۃُ القدر میں مطلعِ الفجر حق
مانگ کی استقامت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

بھیک لینے نبی (ﷺ) کے سرِ پاک سے
ماہ و انجم اتر آئے افلاک سے
لعل جھڑتے ہیں زُلفِ طربناک سے
"لختِ لختِ دلِ ہر جگر چاک سے
شانہ کرنے کی حالت پہ لاکھوں سلام "

وصفِ گوشِ نبی (ﷺ) سے ہے قاصر زبان
چار جانب ہے شاہِ دوعالم کا دھیان
کُل جہاں سے نرالی سماعت کی شان
"دُور و نزدیک کے سُننے والے وہ کان
کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام"

باوقار و جلال و جمال و کمال
بہرِ انساں ہے توصیف اس کی محال
صاف نورٌ علیٰ نور کی اک مثال
"چشمۂ مہر میں موجِ نورِ جلال
اُس رگِ ہاشمیت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

جس کے سر پر ہدایت کا سہرا رہا
دینِ حق کی سیادت کا سہرا رہا
مومنوں کی کفالت کا سہرا رہا
"جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اُس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام"

بہرِ تعظیم و توقیر دُنیا جُھکی
عظمتِ قیصر و شانِ کِسریٰ جُھکی
چاندنی بھی لئے عزمِ سجدہ جُھکی
"جن کے سجدے کو محرابِ کعبہ جُھکی

اُن بھنوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام"

ابرِ رحمت ہے بالائے چتوَن مژہ
سائبانِ کرامت ہمہ تن مژہ
مثلِ شب ہے سرِ روزِ روشن مژہ
"اُن کی آنکھوں پہ وہ سایہ افگن مژہ

ظلّۂ قصرِ رحمت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

"منبعِ فضل و احساں پہ برسے درود
فیض و راحت کے عُنواں پہ برسے درود
بارشِ لُطفِ یزداں پہ برسے درود
"اشکباریِٔ مِژگاں پہ برسے درود

سِلکِ دُرِّ شفاعت پہ لاکھوں سلام"

مرحبا دیدۂ شاہِ دینِ ھدیٰ
راز افشا ہے نورِ علیٰ نور کا
پتلیوں سے عیاں جلوۂ کبریا
"معنیٔ قدرای مقصدِ ماطغیٰ
نرگسِ باغِ قدرت پہ لاکھوں سلام"

گھر کے اس طرح ابرِ کرم آگیا
زندگانی میں لُطفِ اتم آگیا
فردِ عصیاں کے قامت میں خم آگیا
"جس طرف اُٹھ گئی دم میں دم آگیا
اُس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

تابشِ عینِ شمسُ الضُّحیٰ پر درود
جلوۂ چشمِ بدرُ الدُّجیٰ پر درود
صاحبِ وصفِ نورُ الھدیٰ پر درود
"نیچی آنکھوں کی شرم و حیا پر درود
اونچی بینی کی رفعت پہ لاکھوں سلام"

کہکشاں دیکھ لے تو اُسے شرم آئے
جلوۂ طورِ سینا بھی سر کو جھکائے
تاب جن کی نہ مہرِ جہاں تاب لائے
"جن کے آگے چراغِ قمر جھلملائے

اُن عذاروں کی طلعت پہ لاکھوں سلام"

جلوۂ حسنِ قدرت پہ بے حد درود
مہرِ فاراں کی زینت پہ بے حد درود
خالِ رُوئے کرامت پہ بے حد درود
"اُن کے خد کی سہولت پہ بے حد درود

اُن کے قد کی رشاقت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

جس کے جلوے نگاہوں کو بھانے لگے
جس سے نظریں اندھیرے چُرانے لگے
جس سے بھٹکے ہوئے راہ پانے لگے
"جس سے تاریک دل جگمگانے لگے

اُس چمک والی رنگت پہ لاکھوں سلام"

ظلِ حق پر فروزاں درخشاں درود
شاہِ ذیشاں پہ قرباں درخشاں درود
ضَوفشاں ، نورافشاں درخشاں درود
"چاند سے منہ پہ تاباں درخشاں درود
نمک آگیں صباحت پہ لاکھوں سلام "

وہ کتابِ جہاں کا انوکھا ورق
جس کی مدحت سرائی ہے کارِ ادق
جس کی خوشبو کا چرچا طبق در طبق
"شبنمِ باغِ حق یعنی رخ کا عرق
اُس کی سچی براقت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

رُخ پہ انوارِ قدرت ہیں پرتَو فگن
دھوم قریہ بہ قریہ چمن در چمن
تجزیہ کیا کرے قوتِ فکر و فن
"خط کی گردِ دہن وہ دل آرا پھبن
سبزۂ نہرِ رحمت پہ لاکھوں سلام "

وجہِ تسکیں پئے عالمِ آب و گل
شاد ہے دیکھ کر ہر دلِ مضمحل
ضَوفشانی میں مصروف ہے مستقل
"رِیشِ خوش معتدل ، مرہمِ رَیشِ دل
ہالۂ ماہِ ندرت پہ لاکھوں سلام "

صحنِ بستانِ تقدیس کی رازداں
قامتِ سروَرِ دیں کے شایانِ شاں
جب کُھلیں تو ہو بحرِ معانی رواں
"پتلی پتلی گلِ قدس کی پتیاں
اُن لبوں کی نزاکت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

جس کے بے مثل خطبات وحیِ خدا
جس کی جملہ ہدایات وحیِ خدا
جس پہ اتری ہے دن رات وحیِ خدا
"وہ دہن جس کی ہر بات وحیِ خدا
چشمۂ علم و حکمت پہ لاکھوں سلام "

بحرِ الطاف و رحمت تہِ آسماں
صاف تسنیم و کوثر کی نہریں رواں
ہیں کرم یاب عالم کے تشنہ دہاں
"جس کے پانی سے شاداب جان و جناں
اُس دہن کی طراوت پہ لاکھوں سلام "

بے بہا نعمتِ ذاتِ یزداں بنے
لطف و احسان و رحمت کا عنواں بنے
دردِ غم کے لیئے عینِ درماں بنے
"جس سے کھاری کنوئیں شیرۂ جاں بنے
اُس زلالِ حلاوت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

جس زباں سے فصاحت کے دریا بہیں
سامنے جس کے اہلِ زباں خم رہیں
کاٹ جس کی نہ کفار و مشرک سہیں
"وہ زباں جس کو سب "کُن" کی کنجی کہیں
اُس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام "

موجِ دریائے حکمت پہ بے حد درود
شرحِ رازِ حقیقت پہ بے حد درود
شستگی و سلاست پہ بے حد درود
"اُس کی پیاری فصاحت پہ بے حد درود
اُس کی دلکش بلاغت پہ لاکھوں سلام "

عینِ گفتارِ قدرت پہ لاکھوں درود
حُسنِ وعظ و نصیحت پہ لاکھوں درود
طرزِ تبلیغِ وحدت پہ لاکھوں درود
"اُس کی باتوں کی لذت پہ لاکھوں درود
اُس کے خطبہ کی ہیبت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

وہ دعا جو ہو منسوبِ ذاتِ رسول (ﷺ)
ہے پیامِ طرب بہرِ قلبِ ملول
سہل اُس کے لئے فضلِ حق کا حصول
"وہ دعا جس کا جوبن بہارِ قبول
اُس نسیمِ اجابت پہ لاکھوں سلام "

ہوں اندھیرے نہاں قلب رنجور کے
صاف نظارے آئیں نظر دُور کے
صاعقے جن پہ قربان ہوں طُور کے
"جن کے گچھے سے لچھے جھڑیں نُور کے

اُن ستاروں کی نزہت پہ لاکھوں سلام "

دربدر خوار ہوتے ہوئے ہنس پڑیں
تخمِ غم دل میں بوتے ہوئے ہنس پڑیں
چین ، آرام کھوتے ہوئے ہنس پڑیں
"جس کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں

اُس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

جس پہ قربان ہوں بلبلانِ جہاں
جس کے عاشق ہوں فردوس کے نغمہ خواں
ہوں فدا جس پہ سو جاں سے نطق و بیاں
"جس میں نہریں ہوں شیر و شکر کی رواں

اُس گلے کی نضارت پہ لاکھوں سلام "

کنزِ توقیر و اعزاز ، کانِ شرف
فرشِ خاکی پہ ہیں آسمانِ شرف
جن کے آگے ہیں خم صاحبانِ شرف
"دوش بر دوش ہے جن سے جانِ شرف

ایسے شانوں کی شوکت پہ لاکھوں سلام"

پُشتِ اقدس پہ ہے ضَوفگن مستقل
وہ نشاں جو نہ ہوگا کبھی منفصل
ختمِ بعثت کے عنوان پر مشتمل
"حجرِ اسودِ کعبۂ جان و دل

یعنی مُہرِ نبوت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

پرتوِ کُل صفاتِ خدائے غفور
ہے عیاں کی خبر اور نہاں کا شعور
جس کی قدرت میں یکساں ہیں نزدیک و دور
"رُوئے آئینۂ علم پشتِ حضور

پشتیِ قصرِ ملت پہ لاکھوں سلام"

آگہی اور عرفاں کا گوہر دیا
جو دیا آپ نے سب سے برتر دیا
ایک قطرہ جو مانگا سمندر دیا
"ہاتھ جس سمت اٹھا غنی کردیا
موجِ بحرِ سماحت پہ لاکھوں سلام "

کوئی جس کا جہاں بھر میں ہمتا نہیں
جس کا ہمسر فلک نے بھی دیکھا نہیں
وہ ہے جیسا قوی کوئی ویسا نہیں
"جس کو بارِ دوعالم کی پروا نہیں
ایسے بازو کی قوت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

لُطف و بخشش کے ایواں کے دونوں سُتوں
قصرِ تکمیلِ ایقاں کے دونوں سُتوں
حجرۂ علم و عرفاں کے دونوں سُتوں
"کعبۂ دین و ایماں کے دونوں سُتوں
ساعدینِ رسالت پہ لاکھوں سلام "

جس کی ہر قوس شرحِ زبورِ کرم
جس کے قبضہ میں سارے امورِ کرم
پے بہ پے ہو رہا ہے ظہورِ کرم
"جس کے ہر خط میں ہے موجِ نورِ کرم

اُس کفِ بحرِ ہمّت پہ لاکھوں سلام "

تشنہ لب عافیت پائیں ، دریا بہیں
پُھول صحرا میں کھل جائیں ، دریا بہیں
ندیاں جوش پر آئیں ، دریا بہیں
"نور کے چشمے لہرائیں ، دریا بہیں

انگلیوں کی کرامت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

زنگِ دل کی صفائی کے چمکے ہلال
تا بہ خالق رسائی کے چمکے ہلال
خلق کی ناخدائی کے چمکے ہلال
"عیدِ مشکل کشائی کے چمکے ہلال

ناخنوں کی بشارت پہ لاکھوں سلام "

باعث کُن فکاں پہ مُرضَع درود
سرورِ این و آں پر مُسجّع درود
گام در گام ، موقع بہ موقع درود
"ذکرِ رفعِ جلالت پہ ارفع درود
شرحِ صدر صدارت پہ لاکھوں سلام "

"کُن" کے اوراق کا پہلا مضموں کہوں
یا خُدا کا اُنہیں سرِّ مکنوں کہوں
چاہتا ہُوں کوئی لفظ موزوں کہوں
"دل سمجھ سے ورا ہے مگر یوں کہوں
غنچۂ رازِ وحدت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

مرحبا سرورِ دوجہاں کی غذا
سادگی جس پہ قربان ، ایسی غذا
"فقرٌ فخریٌ" کی تفسیر کرتی غذا
"کُل جہاں مِلک اور جو کی روٹی غذا
اُس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام "

غمزدوں کی وکالت پہ کھنچ کر بندھی
بے نواؤں کی نصرت پہ کھنچ کر بندھی
مفلسوں کی اعانت پہ کھنچ کر بندھی
"جو کہ عزمِ شفاعت پہ کھنچ کر بندھی
اُس کمر کی حمایت پہ لاکھوں سلام"

محوِ حیرت ہیں اِدراک و فکر و شعور
اِس قدر شوکت و شانِ سرکارِ نور
مرحبا ذاتِ محبوبِ رَبِّ غفور
"انبیاء تہہ کریں زانو اُن کے حضور
زانوؤں کی وجاہت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

شاہِ لَولاک سرکارِ والا حشم
نازشِ جزو و کل ، تاجدارِ حرم
مصطفٰے ، مجتبیٰ ، منتہائے نعم
"ساق ، اصلِ قدم ، شاخِ نخلِ کرم
شمعِ راہِ اِصابت پہ لاکھوں سلام"

وہ قدم ، عرشِ اعلیٰ بھی ہے جس پہ خم
اُس کی مدحت کوئی کرسکے کیا رقم
اللہ اللہ یہ اُس کا جاہ و حشم
" کھائی قرآں نے خاکِ گزر کی قسم
اُس کفِ پا کی حُرمت پہ لاکھوں سلام "

رَونقِ بزمِ "کُن" ، عرشِ اعلیٰ کا چاند
آمنہ کا دُلارا ، حلیمہ کا چاند
شمعِ غارِ حرا ، اَوجِ اَسریٰ کا چاند
"جس سُہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اُس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

اللہ اللہ سَرکار کی شانِ جُود
بہرِ اُمّت دُعائیں بوقتِ ورود
اے خدائے علیم و خبیر و ودود
"پہلے سجدے پہ روزِ ازل سے درود
یادگاریٔ اُمّت پہ لاکھوں سلام "

قُربِ پیغمبرِ حق کی تاثیر سے
سعدیہ خوش ہوئیں اپنی تقدیر سے
خامہ قاصر ہے مدحت کی تحریر سے
"زرعِ شاداب و ہر ضرعِ پُرشیر سے
برکاتِ رضاعت پہ لاکھوں سلام"

جو کریں کام سب سے نمایاں کریں
ہر گھڑی پاسِ احکامِ یزداں کریں
عدل کی قائم اس طرح میزاں کریں
"بھائیوں کے لئے ترک پستاں کریں
دودھ پیتوں کی نصفت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

طفلِ نوری کی قُربت پہ صدہا درود
خدمتِ پاک طینت پہ صدہا درود
پالنے کی سعادت پہ صدہا درود
"مہدِ والا کی قسمت پہ صدہا درود
بُرجِ ماہِ رسالت پہ لاکھوں سلام"

پیکرِ خاک پَر نور کا پیرہن
آمنہ کر رہی ہیں فدا جان و تن
بُوئے مَولودِ بطحا چمن در چمن
"اللہ اللہ وہ بچپنے کی پھبن
اُس خُدا بھاتی صورت پہ لاکھوں سلام"

رشکِ فردَوس کی ہر فضا پر درود
سجتے باغوں کی آب و ہوا پر درود
بڑھتی شاخوں کی اک اک ادا پر درود
"اٹھتے بوٹوں کی نشوونما پر درود
کِھلتے غنچوں کی نکہت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

اِبتدائے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ہمیشہ درود
خُوگرِ بندگی پر ہمیشہ درود
نوبرِ متقی پر ہمیشہ درود
"فضلِ پیدائشی پر ہمیشہ درود
کھیلنے سے کراہت پہ لاکھوں سلام"

شانِ فہم و فراست پہ عالی درود
نازشِ ہر سیادت پہ عالی درود
قلبِ حضرت کی وسعت پہ عالی درود
"اعتلائے جبلّت پہ عالی درود
اعتدالِ طویّت پہ لاکھوں سلام"

صُورتِ دل رُبا پر ہزاروں درود
سیرتِ حق نُما پر ہزاروں درود
فطرتِ بے ریا پر ہزاروں درود
"بے بناوٹ ادا پر ہزاروں درود
بے تکلّف ملاحت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

اُن کے رُخ کی چمک پر چمکتی درود
نورِحق کی جھلک پر جھلکتی درود
رُوح افزا دمک پر دمکتی درود
"بھینی بھینی مہک پر مہکتی درود
پیاری پیاری نفاست پہ لاکھوں سلام"

مالکِ نہرِ جنت پہ شیریں درود
حُسنِ گفتار و عادت پہ شیریں درود
اُن لبوں کی حلاوت پہ شیریں درود
"میٹھی میٹھی عبارت پہ شیریں درود
اچھی اچھی اشارت پہ لاکھوں سلام "

اُسوۂ پُرکشِش پر کروڑوں درود
ذاتِ رحمت منِش پر کروڑوں درود
شانِ داد و دہش پر کروڑوں درود
"سیدھی سیدھی روِش پر کروڑوں درود
سادی سادی طبیعت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

بزم میں ، رزم میں ، گھر میں ، بازار میں
ہے عیاں شانِ یکتائی کردار میں
محو آٹھوں پہر ذکر و اذکار میں
"روزِ گرم و شبِ تیرہ و تار میں
کوہ و صحرا کی خلوت پہ لاکھوں سلام "

سرورِ دین و دنیا ہے لاریب و شک
ہیں رعیت میں سب فرش سے عرش تک
جس کے انوار کی لامکاں پر دمک
"جس کے گھیرے میں ہیں انبیاء و ملک
اُس جہاں گیر بعثت پہ لاکھوں سلام "

کافر اپنی جگہ سے سرکنے لگے
لات و عزّیٰ بھی دامن جھٹکنے لگے
عشقِ احمد کے شعلے بھڑکنے لگے
"اندھے شیشے جھلاجھل دمکنے لگے
جلوہ ریزیٔ دعوت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

اُن کے مذہب پہ مشرب پہ بے حد درود
اُن کے اعزاز و منصب پہ بے حد درود
شیوۂ طاعتِ رب پہ بے حد درود
"لطفِ بیداریٔ شب پہ بے حد درود
عالمِ خوابِ راحت پہ لاکھوں سلام "

نورِ مہرِ شفاعت پہ نوری درود
تابِ مہتابِ عزت پہ نوری درود
شمعِ ایوانِ رافت پہ نوری درود
"خندۂ صبحِ عشرت پہ نوری درود
گریۂ ابرِ رحمت پہ لاکھوں سلام "

جلوۂ حُسنِ سیرت پہ دائم درود
پیکرِ مہر و الفت پہ دائم درود
دائمی شانِ رحمت پہ دائم درود
"نرمیٔ خُوئے لینت پہ دائم درود
گرمیٔ شانِ سطوت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

کبر و پندار کی گردنیں جھک گئیں
ناز کرتی ہوئی گردنیں جھک گئیں
جس کے در پر سبھی گردنیں جھک گئیں
"جس کے آگے کھنچی گردنیں جھک گئیں
اُس خدا داد شوکت پہ لاکھوں سلام "

طُور پر بہرِ دیدار ٹھہرے کوئی
سرحدِ لامکاں پار کرلے کوئی
کوئی دیکھے اُسے ، ہوش کھوئے کوئی
"کس کو دیکھا یہ موسیٰ (علیہ السلام) سے پوچھے کوئی
آنکھ والوں کی ہمت پہ لاکھوں سلام"

حلقہ باندھے ہوئے اہلِ عزم و کمال
بیچ میں جلوہ افگن شہِ خوش خصال
ہے وہ منظر جو ہے آپ اپنی مثال
"گردِ مہ دستِ انجم میں رخشاں ہلال
بدر کی دفعِ ظلمت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

عزم بالجزم سے سہمی جاتی زمیں
حق کی یلغار سے خوف کھاتی زمیں
خود پسینے میں اپنے نہاتی زمیں
"شورِ تکبیر سے تھرتھراتی زمیں
جنبشِ جَیشِ نصرت پہ لاکھوں سلام"

قرأتِ عینِ قرآں سے بن گونجتے
صَوتِ شیرانِ یزداں سے بن گونجتے
شورِ شمشیرِ عریاں سے بن گونجتے
"نعرہ ہائے دلیراں سے بن گونجتے
غرّشِ کوسِ جرأت پہ لاکھوں سلام "

مقتدی تین سو تیرہ اک مقتدا
حق و باطل میں پیکار کی ابتدا
بدر کی رزم گہ میں نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ادا
"وہ چقاچاق خنجر سے آتی صدا
مصطفیٰ تیری صَولت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

جاں نثارانِ مَولا کی جاں بازیاں
اہلِ بطحا و طیبہ کی جاں بازیاں
حق پسند اہلِ تقویٰ کی جاں بازیاں
"اُن کے آگے وہ حمزہ کی جاں بازیاں
شیرِ غرّانِ سطوت پہ لاکھوں سلام "

عبدِ حق کیش و حق رو پہ لاکھوں درود
شرحِ وَالَّیۡل گیسو پہ لاکھوں درود
جسمِ اطہر کی خوشبو پہ لاکھوں درود
"الغرض اُن کے ہر مُو پہ لاکھوں درود
اُن کی ہر خو و خصلت پہ لاکھوں سلام "

اُن کے اقوالِ حکمت پہ نامی درود
اُن کی فہم و فراست پہ نامی درود
اُن کی ہر ایک سنت پہ نامی درود
"اُن کے ہر نام و نسبت پہ نامی درود
اُن کے ہر وقت و حالت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

فصلِ گل آئی لے کر کروڑوں درود
بُوئے حق سے معطر کروڑوں درود
شاہِ دیں پر نچھاور کروڑوں درود
"اُن کے مولا کے اُن پر کروڑوں درود
اُن کے اصحاب و عترت پہ لاکھوں سلام "

پرتوِ نور ، شمعِ فضائے قُدُس
نازِ تطہیر ، زیبِ ردائے قُدُس
کشتیِ نوح (علیہ السلام) ، اہلِ سرائے قُدُس
"پارہ ہائے صُحُف ، غنچہ ہائے قُدُس

اہلِ بیتِ نبوت پہ لاکھوں سلام "

بارشِ تیر سے جس میں پودے جمے
خونِ شبیر (رضی اللہ عنہ) سے جس میں پودے جمے
اشکِ دلگیر سے جس میں پودے جمے
"آبِ تطہیر سے جس میں پودے جمے

اُس ریاضِ نجابت پہ لاکھوں سلام "

اہلِ اسلام کے یاور و دستگیر
درحقیقت ہیں خاصانِ ربّ قدیر
سب اناث و ذکور و صغیر و کبیر
"خونِ خیرالرسل (صلی اللہ علیہ وسلم) سے ہے جن کا خمیر

اُن کی بے لوث طینت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

نورِ قندیلِ کاشانۂ مصطفٰی (صلی اللہ علیہ وسلم)
ہر قدم رہروِ جادۂ مصطفٰی (صلی اللہ علیہ وسلم)
یعنی خیرالنساء ، آیۂ مصطفٰی (صلی اللہ علیہ وسلم)
"اُس بتولِ جگرپارۂ مصطفٰی (صلی اللہ علیہ وسلم)
حجلہ آرائے عفت پہ لاکھوں سلام "

جس کو پایا ہے یکتا مہ و مہر نے
جس پہ سایہ نہ ڈالا مہ و مہر نے
سر ادب سے جھکایا مہ و مہر نے
"جس کا آنچل نہ دیکھا مہ و مہر نے
اُس ردائے نزاہت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

برتر از سارہ و مریم و ہاجرہ
فاطمہ ، دینِ اسلام کی ناصرہ
حامدہ ، خاشعہ ، کاملہ ، صابرہ
"سیدہ ، زاہرہ ، طیبہ ، طاہرہ
جانِ احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی راحت پہ لاکھوں سلام "

دُرِّ گنجینۂ جودِ خیرالورا (ﷺ)
موجِ دریائے لطفِ حبیبِ خدا (ﷺ)
پرتوِ جلوۂ فیضِ مشکل کشا (رضی اللہ عنہ)
"وہ حسن مجتبےٰ (رضی اللہ عنہ)، سیدالاسخیا
راکبِ دوشِ عزت پہ لاکھوں سلام "

وہ قتیلِ جفا، روحِ صبر و رضا
جانِ اہلِ وفا، آنِ اہلِ صفا
تابِ مہرِ عطا، بابِ شہرِ سخا
"اَوجِ مہرِ ہدیٰ، موجِ بحرِ ندیٰ
رُوحِ رَوحِ سخاوت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

پرتوِ آب و تابِ زبانِ نبی (ﷺ)
جوہرِ لاجوابِ زبانِ نبی (ﷺ)
بے گماں فیض یابِ زبانِ نبی (ﷺ)
"شہد خوارِ لعابِ زبانِ نبی (ﷺ)
چاشنی گیر عصمت پہ لاکھوں سلام "

سبطِ خیرالورا ، شاہِ گلگوں قبا
نائبِ مرتضیٰ (علیہ السلام) ، شاہِ گلگوں قبا
دلبرِ فاطمہ ، شاہِ گلگوں قبا
"اُس شہیدِ بلا ، شاہِ گلگوں قبا
بے کسِ دشتِ غربت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

سبطِ شاہِ امم ، لعلِ خاصِ صدف
لعلِ خاصِ صدف ، تابِ ایماں بکف
تابِ ایماں بکف ، دُرِّ دُرجِ نجف
"دُرِّ دُرجِ نجف ، مہرِ برجِ شرف
رنگِ رومی شہادت پہ لاکھوں سلام"

جن کی عظمت کا عرفان کارِ دقیق
خُلق جن پر ہو قربان ایسی خلیق
مذہبِ حق میں حجت ہے جن کا طریق
"اہلِ اسلام کی مادرانِ شفیق
بانوانِ طہارت پہ لاکھوں سلام"

اصلِ عنوانِ بیت الشرف پر درود

بزمِ تابانِ بیت الشرف پر درود

جملہ سکّانِ بیت الشرف پر درود

"جلوہ گیہانِ بیت الشرف پر درود

پردہ گیانِ عفت پہ لاکھوں سلام"

اولیں بانوئے سرورِ این و آں

اہلِ بیتِ نبوت کی روحِ رواں

مادرِ فاطمہ، فخرِ اہلِ جہاں

"سیّما پہلی ماں، کہفِ امن و اماں

حق گزارِ رفاقت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

رونقِ دوجہاں جس کی محفل ہوئی

ماہِ برجِ شرف کی جو حامل ہوئی

شمعِ دینِ ہدیٰ جس سے حاصل ہوئی

"عرش سے جس پہ تسلیم نازل ہوئی

اُس سرائے سلامت پہ لاکھوں سلام"

ہے زمانے میں شانِ خدیجہ عجب

خلد میں مسکنِ ناز پر فضلِ رب

جس میں مطلق نہیں شور و رنج و تعب

"مَنزِلُ مِّنْ قَصَبٍ لَا نَصَبْ لَا صَخَبْ

ایسے کوشک کی زینت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

جس کی ہر اک ادا عکسِ شانِ نبی (ﷺ)

وہ عفیفہ جو ہے ترجمانِ نبی (ﷺ)

یعنی منجملۂ بانوانِ نبی (ﷺ)

"بنتِ صدیق (رضی اللہ عنہ)، آرامِ جانِ نبی (ﷺ)

اُس حریمِ برأت پہ لاکھوں سلام"

ہر نفس طبعِ غیور جن کی گواہ

رفعتِ شانِ دستور جن کی گواہ

وحیِ معروف و مشہور جن کی گواہ

"یعنی ہے سورۂ نور جن کی گواہ

اُن کی پُرنور صورت پہ لاکھوں سلام"

جن کے آگے سر اہلِ عقیدت جھکائیں
عظمتوں کی قسم اہلِ اسلام کھائیں
بانوانِ نبی جن کو مسکن بنائیں
"جن میں روح القدس بے اجازت نہ جائیں

اُن سرادق کی عصمت پہ لاکھوں سلام"

جملہ خاصانِ بدر و اُحد پر درود
سب جوانانِ بدر و اُحد پر درود
خوش نصیبانِ بدر و اُحد پر درود
"جاں نثارانِ بدر و اُحد پر درود

حق گزارانِ بیعت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

وہ ابوبکر (رضی اللہ عنہ)، عثماں (رضی اللہ عنہ)، عمر (رضی اللہ عنہ)، مرتضیٰ رضی اللہ عنہ
اور چھ دوسرے اہلِ صدق و صفا
اہلِ حق ، اہلِ ایمان و اہلِ وفا
"وہ دسوں جن کو جنت کا مژدہ ملا

اُس مبارک جماعت پہ لاکھوں سلام"

خاص یارِ نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) ، مومنِ باصفا
غازیٔ دینِ حق ، نائبِ مصطفٰے (صلی اللہ علیہ وسلم)
صدرِ بزمِ خلافت ، شہِ اتقیاء
"خاص اُس سابقِ سیرِ قربِ خدا
اوحدِ کاملیت پہ لاکھوں سلام"

سید الاتقیا ، مایۂ اصطفا
نازشِ اولیاء ، مایۂ اصطفا
رہبرِ اصفیا ، مایۂ اصطفا
"سایۂ مصطفٰے (صلی اللہ علیہ وسلم) ، مایۂ اصطفا
عز و نازِ خلافت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

باخدا ، آیۂ خالقِ جزو و کُل
اہلِ ایماں کہیں جس کو خضرِ سُبُل
شمعِ باطل ہوئی جس کی ہیبت سے گُل
"یعنی اُس افضل الخلقِ بعد الرُسُل
ثَانِیَ اثْنَیْنِ ہجرت پہ لاکھوں سلام"

فیضیابِ درِ رحمتِ عالمیں
خاص اصحابِ سلطانِ دنیا و دیں
یعنی بوبکر (رضی اللہ عنہ) و فاروق (رضی اللہ عنہ) ، نورِ یقیں
"اَصدق الصّادقیں ، سیدالمتقیں

چشم و گوشِ وزارت پہ لاکھوں سلام "

شمعِ طاقِ حرم ، موجِ فتح و ظفر
وہ مرادِ دلِ شاہِ جن و بشر
جو نگاہِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) میں ہے معتبر
"وہ عمر (رضی اللہ عنہ) جس کے اعداء پہ شیدا سقر

اُس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

حق نگر ، مردِ عادل ، امام الہدیٰ
بعدِ صدیق (رضی اللہ عنہ) کامل ، امام الہدیٰ
حکمِ قرآں پہ عامل ، امام الہدیٰ
"فارقِ حق و باطل ، امام الہدیٰ

تیغِ مسلولِ شدت پہ لاکھوں سلام "

اک مقدس گلِ گلستانِ نبی (ﷺ)
اک چمکتا ہوا لعلِ کانِ نبی (ﷺ)
فیض یابِ درِ دُرفشانِ نبی (ﷺ)
"ترجمانِ نبی (ﷺ)، ہمزبانِ نبی (ﷺ)
جانِ شانِ عدالت پہ لاکھوں سلام"

زَوجِ نُورَین کی زندگی پر درود
فیض و الطاف کے منتہی پر درود
واقفِ بِئرِ رُومَہ، سخی پر درود
"زاہدِ مسجدِ احمدی پر درود
دولتِ جَیشِ عسرت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

زاہد و ساجد و عابد و متقی
مردِ مومن، اطاعت گزارِ نبی (ﷺ)
شان کیا ہو بیاں ابنِ عفّان کی
"دُرِ منثورِ قرآں کی سلکِ بہی
زَوجِ دو نورِ عفت پہ لاکھوں سلام"

کاتبِ وحیِ حق ، نائبِ مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم)
کنزِ رحمت کا اک گوہرِ بے بہا
پیکرِ جود و ایثار و شرم و حیا
"یعنی عثمان (رضی اللہ عنہ) ، صاحب قمیصِ ہدیٰ
حُلّہ پوشِ شہادت پہ لاکھوں سلام "

پاسبانِ رہِ سید العالمیں
صاحبِ قولِ فیصل بغایت یقیں
دو جہاں میں اخیِ شہنشاہِ دیں
"مرتضیٰ (رضی اللہ عنہ) شیرِ حق ، اشجع الاشجعیں
ساقیِ شیر و شربت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

پرتوِ مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) ، وجہِ وصلِ خدا
سید الاولیاء ، وجہِ وصلِ خدا
شیرِ حق ، مرتضیٰ (رضی اللہ عنہ) ، وجہِ وصلِ خدا
"اصلِ نسلِ صفا ، وجہِ وصلِ خدا
بابِ فصلِ ولایت پہ لاکھوں سلام "

اہلِ حق ، مانعِ اہلِ رفض و خروج
بے گماں قاطعِ اہلِ رفض و خروج
فاتحِ موضعِ اہلِ رفض و خروج
"اولیں دافعِ اہلِ رفض و خروج

چارمی رکنِ ملت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

آفتابِ رسالت کی چوتھی کرن
سید و سرورِ اَولیائے زمن
بوالحسن یعنی منجملۂ پنجتن
"شیرِ شمشیرزن ، شاہِ خیبر شکن

پَرتوِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام "

دُرجِ دُرِّ کرم ، نازِ جملہ دروج
بُرجِ رحمت ، فدا جس پہ سارے بروج
وہ علی (رضی اللہ عنہ) ، صاحبِ اعتلا و عروج
"ماحیِ رفض و تفضیل و نصب و خروج

حامیِ دین و سنت پہ لاکھوں سلام "

حلقۂ دینِ اسلام کے منتخب
خوش وہ رب سے ہیں ، راضی ہُوا اُن سے رب
خواہ اہلِ عجم ہوں کہ اہلِ عرب
"مومنیں پیشِ فتح و پسِ فتح سب

اہلِ خیر و عدالت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

جس کو حاصل بفیضانِ خیرالبشر (ﷺ)
مرضئ ذات کا تمغۂ با اثر
اُس پہ قُربان تابندگی قمر
"جس مسلماں نے دیکھا انہیں اک نظر

اُس نظر کی بصارت پہ لاکھوں سلام "

جن پہ اکرام سنت ہے اللہ کی
جن کا مقصود چاہت ہے اللہ کی
جن سے الفت مشیّت ہے اللہ کی
"جن کے دشمن پہ لعنت ہے اللہ کی

اُن سب اہلِ محبت پہ لاکھوں سلام "

حق گزارِ دکانِ شرابِ طہور
بعدِ شبیر (رضی اللہ عنہ) آنِ شرابِ طہور
یعنی سجاد (رضی اللہ عنہ) ، جانِ شرابِ طہور
"باقیِ ساقیانِ شرابِ طہور

زینِ اہلِ عبادت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

جتنے رہرَو ہیں سرکار کی راہ کے
چاہنے والے جتنے ہیں ذی جاہ کے
جتنے خدام ہیں اُس کی درگاہ کے
"اور جتنے ہیں شہزادے اُس شاہ کے

اُن سب اہلِ مکانت پہ لاکھوں سلام"

پاک و پاکیزہ طینت پہ اعلیٰ درود
صاف ستھری طبیعت پہ اعلیٰ درود
اُن کی اعلیٰ صداقت پہ اعلیٰ درود
"اُن کی بالا شرافت پہ اعلیٰ درود

اُن کی والا سیادت پہ لاکھوں سلام"

تھی رضائے خدا جن کی اصلِ مراد
جن کے دَم سے ہُوا دینِ حق شادباد
ساری امت نے جن پر کیا اعتماد
"شمعِ تابانِ کاشانۂ اجتہاد
مفتئ چار ملت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

ظلمتِ جہل کے حق بجانب حریف
شارحینِ کُل احکامِ شرعِ شریف
دینِ اسلام کے پاسبان و حلیف
"شافعی ، مالک ، احمد ، امامِ حنیف
چار باغِ امامت پہ لاکھوں سلام "

تابِ ایوانِ بیعت پہ کامل درود
نجم ہائے ولایت پہ کامل درود
صاحبانِ اجازت پہ کامل درود
"کاملانِ طریقت پہ کامل درود
حاملانِ شریعت پہ لاکھوں سلام "

شانِ محکم ، امام التقیٰ والنقیٰ
وہ مجسّم امام التقیٰ والنقیٰ
دافعِ غم ، امام التقیٰ والنقیٰ
"غوثِ اعظم (رضی اللہ عنہ) امام التقیٰ والنقیٰ
جلوۂ شانِ قدرت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

حجتِ دینِ حق ، نازشِ اجتہاد
عالمِ باعمل ، حق نگر ، حق نہاد
مرشدِ اہلِ دیں ، قبلۂ اعتقاد
"قطبِ ابدال و ارشاد و رشدالرّشاد
محیِ دین و ملّت پہ لاکھوں سلام "

غوثِ اعظم (رضی اللہ عنہ) کی عظمت پہ بےحد درود
ماہِ برجِ ریاضت پہ بے حد درود
دُرِّ کنزِ ولایت پہ بے حد درود
"مردِ خیلِ طریقت پہ بے حد درود
فردِ اہلِ حقیقت پہ لاکھوں سلام "

خم جہاں ہوگئی گردنِ اَولیاء
محوِ طاعت رہی گردنِ اَولیاء
جس کے آگے جُھکی گردنِ اَولیاء
"جس کی منبر ہوئی گردنِ اَولیاء
اُس قدم کی کرامت پہ لاکھوں سلام "

فیض یابِ مزاراتِ پیشینیاں
پرتوِ گُل کراماتِ پیشینیاں
تابِ حُسنِ خیالاتِ پیشینیاں
"شاہِ برکات و برکاتِ پیشینیاں
نَو بہارِ طریقت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

عکسِ منصور و سرمد ، امام الرُّشد
حاملِ فیضِ مَسنَد ، امام الرُّشد
وجہِ اکرامِ بے حد ، امام الرُّشد
"سیّد آلِ محمد ، امام الرُّشد
گلِ رَوضِ ریاضت پہ لاکھوں سلام "

شاملِ دُودمانِ علی و بتول
گلُشنِ غوثِ اعظم کا خوش رنگ پھُول
جس کی عظمت کا انکار کارِ جہول
"حضرتِ حمزہ شیرِ خدا و رسول (ﷺ)
زینتِ قادریت پہ لاکھوں سلام"

فہم و ادراک و عقل و گمان و خیال
فیض و اکرام و الطاف و جود و نوال
سیرت و صورت و قامت و خدوخال
"نام و کام و تن و جان و حال و مقال
سب میں اچھے کی صورت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

عکسِ آئینۂ ہر کمالِ رسول
ہر عمل شارحِ قال و حالِ رسول
شانِ اسلاف ، برگِ نہالِ رسول
"نورِ جاں ، عطرِ مجموعہ ، آلِ رسول
میرے آقائے نعمت پہ لاکھوں سلام"

باعمل ، بااثر ، باخبر ، بامراد
قہر سے کم نہیں دل میں جن کا عناد
بُوالحُسین اَحمدِ بے ریا زندہ باد
"زیبِ سجّادہ ، سجّادِ نوری نہاد
احمدِ نور طینت پہ لاکھوں سلام "

جتنے سنی ہیں دنیا میں ، ہوں فیضیاب
کامرانی بہرگام ہو ہم رکاب
سایہ افگن ہو سب پر کرم کا سحاب
"بے عذاب و عتاب و حساب و کتاب
تاابد اہلِ سنت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy

اَولیاء ، اتقیاء ، اصفیاء ، ازکیاء
اہلِ بیتِ شہنشاہِ ہر دوسرا
شاہ احمد سعید* ، اہلِ صدق و صفا
"تیرے اِن دوستوں کے طفیل اے خدا
بندۂ ننگِ خلقت پہ لاکھوں سلام "

* میرے مرشدِ طریقت حضرت علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی رحمۃ اللہ علیہ (حافظ عبدالغفار حافظ)

میرے احباب ، عشاقِ شاہِ زمن (صلی اللہ علیہ وسلم)
جو ہیں میرے اعزّا میں اہلِ سنن
گھر میں جتنے ہیں چھوٹے بڑے مرد و زن
"میرے استاد ، ماں باپ ، بھائی بہن
اہلِ وُلد و عشیرت پہ لاکھوں سلام"

ایک میں ہی شہِ دیں کا منگتا نہیں
صرف میرے ہی ماتھے یہ ٹیکا نہیں
فیض یابِ کرم اک میں تنہا نہیں
"ایک میرا ہی رحمت پہ دعویٰ نہیں
شاہ کی ساری امت پہ لاکھوں سلام"

owaisoloGy

یوں ملے صدقۂ صاحبِ غارِ ثور
ہو میسر مقدر سے ہم کو وہ دور
خلق حیرت سے دیکھے ہمارا یہ طور
"کاش محشر میں جب اُن کی آمد ہو ، اور
بھیجیں سب اُن کی شوکت پہ لاکھوں سلام"

حافظِ زار کا ہے یہ ارماں رضاؔ
اس کی مشکل ہو محشر میں آساں رضاؔ
پیش یہ بھی کرے اپنا دیواں رضاؔ
"جب کہ خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضاؔ

مصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام "

owaisoloGy